Shabbir/Fazil

04-01-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں ’گرامین بھارت مہوتسوٗ‘ کا افتتاح کریں گے۔ اِس 6 روزہ مہوتسو میں دیہی بھارت کے کاروباری جذبے اور ثقافتی وراثت کا جشن منایا جائے گا۔

2- مرکز نے، ڈیجیٹل ذاتی اعداد و شمار کے تحفظ سے متعلق اصولوں کا مسودہ جاری کیا ہے، جس میں تجویز رکھی گئی ہے کہ بچے، اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کھولنے کے لیے والدین کی رضامندی حاصل کریں۔

3- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے بھارت کی ’پڑوس مقدمٗ‘ پالیسی کے تحت، مالدیپ کو اُس کی مدد جاری رکھنے کا یقین دلایا ہے۔

4- بھارت اور ایران نے چاہ بہار بندرگاہ اور تجارتی رشتوں سمیت باہمی تعلقات کا جائزہ لیا۔

5- شمالی بھارت کے مختلف علاقوں میں گھنا کہرا چھایا ہوا ہے، جس کی وجہ سے ریل خدمات اور پروازیں متاثر ہوئی ہیں۔

6- اور ہاکی انڈیا لیگ میں، راؤر کیلا میں تمل ناڈو ڈریگنز نے ویدانت کلِنگا Lancers کو، پینلٹی شُوٹ آوٗٹ میں ہرایا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Grameeen Mahotsav

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں Grameen Bharat Mahotsav 2025 کا افتتاح کریں گے۔ جناب مودی اِس موقع پر اجتماع سے بھی خطاب کریں گے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ مہوتسو کا مقصد دیہی بنیادی ڈھانچے کو وسعت دینا، خودکفیل معیشتیں تشکیل دینا اور دیہی برادریوں میں اختراع کو پروان چڑھانا ہے۔

ایک رپورٹ۔۔۔

اِس مہوتسو میں درخشاں کارکردگی اور نمائش کے ذریعے بھارت کے مالامال ثقافتی ورثے کی نمائش کی جائے گی۔ چھ روزہ مہوتسو کا موضوع ہے: ''وِکست بھارت 2047 کے لیے ایک لچکدار دیہی بھارت کی تشکیل'' ۔
مہوتسو میں خاص توجہ اس بات پر دی جائے گی کہ کاروبار کے ذریعے دیہی خواتین کو بااختیار بنایا جائے۔
یہ مہوتسو سرکاری اہلکاروں، دیہی کاروباریوں، دستکاروں اور مختلف سیکٹروں کے متعلقہ فریقوں کو یکجا کرے گا، تاکہ اشتراک پر مبنی اور اجتماعی یکسر دیہی تبدیلی کے لیے ایک خاکہ وضع کیا جا سکے۔
اِس پروگرام کا مقصد خصوصی طور پر شمال مشرقی بھارت پر توجہ مرکوز کیے جانے کے ساتھ دیہی آبادی کے درمیان اقتصادی استحکام، مالی سکیورٹی کو فروغ دینا ہے۔
نئی دلی سے دیپیندر کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............

Chouhan Meeting

دیہی ترقی کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ اُن کی حکومت، اِس سال گاؤوں کو غریبی سے پاک کرنے کا عزم کیے ہوئے ہے۔ جناب چوہان نے یہ بات وزارت کی مختلف اسکیموں سے متعلق ایک جائزہ میٹنگ میں کہی۔ یہ میٹنگ نئی دلّی میں کل، سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے دیہی ترقی کے وزیروں کے ساتھ کی گئی تھی۔

وزیر موصوف نے ملک کی تعمیر میں گاؤوں کے رول کو اُجاگر کیا، جس سے بھارت، دنیا کے لیے ایک مثالی ملک بن جائے گا۔

مرکزی وزیر نے کہا کہ دیہی ترقی کی وزارت، عام لوگوں کے لیے ایک امید ہے اور ایک وسیلہ ہے، جس سے اُن کے خواب پورے ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اِن اسکیموں سے گاؤوں کی ترقی کے تیئں مرکزی حکومت کے عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔

جناب چوہان نے بتایا کہ پچھلے سال جون سے اب تک MG نریگا کے تحت، کام کے 136 کروڑ دن تخلیق کیے جا چکے ہیں، جس کی وجہ سے دیہی علاقوں میں تقریباً 54 لاکھ 83 ہزار کام پورے ہو چکے ہیں۔ مرکزی حکومت نے بھی ریاستی سرکاروں کو کُل 50 ہزار 467 کروڑ روپے جاری کیے ہیں۔

وزیر موصوف نے کہا کہ پچھلے 10 سال کے دوران ہاؤسنگ اسکیم کے تحت دیہی علاقوں میں 3 کروڑ 45 لاکھ مکانات تعمیر کیے جا چکے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ نئے کنبوں اور اُنہیں اِن اسکیموں سے منسلک کرنے کے لیے، اُن کی شناخت کا کام شروع کر دیا گیا ہے۔

Rev. Digital Personal Data

مرکز نے، ڈیجیٹل ذاتی اعداد و شمار کے تحفظ سے متعلق 2025 کے اصولوں کا مسودہ جاری کیا ہے۔ الیکٹرونکس اور IT کے وزیر اشونی ویشنو نے اِس مسودے کے لیے لوگوں کا مشورہ اور رائے طلب کی ہے۔ ڈیجیٹل ذاتی اعداد و شمار کے تحفظ سے متعلق قانون 2023 کو اگست 2023 میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی طرف سے منظوری حاصل ہو گئی تھی۔ اِن رہنما اصولوں میں، تجویز رکھی گئی ہے کہ بچوں کے لیے لازمی ہوگا کہ وہ اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کھولنے کے لیے والدین کی رضامندی حاصل کریں۔

*تفصیل ہمارے نامہ نگار سے*

*V/C Bhanu*

*اصولوں کے مسودے میں وضاحت کی گئی ہے کہ افراد کی طرف سے کس طرح رضامندی حاصل کی جائے۔ Data Processors کی ذمہ داریاں کیا ہوں اور حکام ڈیجیٹل اعداد و شمار کے تحفظ سے متعلق قانون 2023 کے تحت کس طرح کام کاج کریں گے۔ اصولوں کے مسودے کے مطابق بچوں کو یہ یقین دلانے کے اقدامات کرنے ہوں گے کہ اُنہیں اُن کے والدین کی رضامندی حاصل ہو گئی ہے۔ اس مسودے سے متعلق کسی بھی مشورے کو رازداری میں رکھا جائے گا تاکہ لوگ اپنے خیالات کا آزادانہ اظہار کرسکیں۔ رائے اور مشورے mygov پورٹل پر 18 فروری تک دیے جا سکتے ہیں۔*

*بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے..........*

Jaishankar Maldives PM

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور مالدیپ کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللہ خلیل نے کل نئی دلّی میں دوطرفہ بات چیت کی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے بھارت کی 'پڑوس مقدم' پالیسی اور 'ویژن ساگر' کے تحت مالدیپ سے، بھارت کے دوطرفہ رشتوں کی اہمیت کو دوہرایا اور مالدیپ کے لیے مدد جاری رکھنے کا یقین دلایا۔ دونوں وزیروں نے پچھلے سال اکتوبر میں مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے بھارت کے سرکاری دورے کے دوران، جو مفاہمتیں کی گئی تھی، اُن پر پیش رفت کا جائزہ لیا اور اُن معاملات کی بھی پیش رفت کا جائزہ لیا، جن پر دونوں طرف سے مزید توجہ مرکوز کی جانا ہے۔

مالدیپ کے وزیر خارجہ نے مالدیپ کو، ضرورت کی گھڑی میں بھارت کی طرف سے دی گئی، بروقت ایمرجنسی مالی مدد کو بھی سراہا، جس سے مالدیپ کی 'ردِّ عمل ظاہر کرنے والے پہلے ملک' کے طور پر بھارت کے رول کی عکاسی ہوتی ہے۔

دونوں ملکوں نے، سماجی ترقی پر گہرا اثر پڑنے سے متعلق پروجیکٹوں کے عمل درآمد کے لیے ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے۔×

India Iran

بھارت اور ایران نے، دوطرفہ تعلقات کے پورے منظرنامے کا جائزہ لیا، جس میں چاہ بہار بندرگاہ، زرعی تعاون، تجارت و معیشت کے امور، ثقافت اور عوام سے عوام کے رشتے شامل ہیں۔

کل نئی دلّی میں، بھارت-ایران کے درمیان دفترِ خارجہ کا 19 واں صلاح مشورہ کیا گیا۔ خارجہ سیکریٹری وِکرم مِسری اور ایران کے نائب وزیر خارجہ مجید تخت روانچی نے اِس میٹنگ کی مشترکہ صدارت کی۔

وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ مذاکرات میں علاقائی اور عالمی حالات و واقعات پر بھی بات چیت کی گئی، جس میں افغانستان، مغربی ایشیاء اور جنوبی کوہِ قاف کی صورتحال شامل ہے۔

خارجہ سیکریٹری نے افغانستان کی تعمیر نو اور اقتصادی ترقی کی مدد میں، چاہ بہار بندرگاہ کی اہمیت کو اُجاگر کیا۔

دونوں ملکوں نے، اقوام متحدہ، بِرکس اور SCO سمیت کثیر ملکی فورموں میں تعاون کو گہرا کرنے کے اپنے عزم کو دوہرایا۔×

Glimpses Steel

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ اپنی خصوصی سیریز میں سال 2024 کی جھلکیاں پیش کر رہا ہے۔ آج ہم بات کر رہے ہیں، اسٹیل کی وزارت کے کچھ بنیادی اقدامات اور حصولیابیوں کی۔

حکومت نے، صنعتی ماحول کو اور زیادہ مستحکم بنانے کے لیے بہت سے فیصلہ کُن اقدام کیے ہیں۔ وزارت، ماحول کے لیے سازگار اسٹیل مشن کی تیاری کر رہی ہے۔ اندازہ ہے کہ اِس پر 15 ہزار کروڑ روپے کا خرچ آئے گا۔ اِس مشن کا مقصد، کاربن اخراج کو کم کرنے اور پھر مکمل طور پر ختم کرنے کی جانب بڑھنے میں اسٹیل صنعت کی مدد کرنا ہے۔ ملک میں، اسٹیل مینوفیکچرنگ کو بڑھاوا دینے کے لیے، PLI اسکیم کے تحت کمپنیوں نے، 27 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم خرچ کرنے کا عزم کیا ہوا ہے۔ پچھلے سال اکتوبر تک 17 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی گئی تھی، جس کے سبب روزگار کے 8 ہزار 600 سے زیادہ موقعے بھی پیدا ہوئے۔

وزارت نے، ملک میں خرچ ہونے والے اسٹیل کے لیے معیارات بھی طے کیے اور اُنہیں کوالٹی کنٹرول آرڈر میں شامل کیا۔

سُمیت ساہا کی رپورٹ کی ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Rev. Cold North India

شمالی بھارت کے مختلف حصوں میں سخت سردی اور گھنے کہرے کے سبب معمول کی زندگی میں رخنہ پڑا ہے۔ آج صبح سویرے سے خطے میں کہرے کی گھنی پرت چھائی ہوئی ہے، جس سے مختلف علاقوں میں بہت ہی کم دکھائی دے رہا ہے۔ اور پروازوں اور ٹرینوں کے آنے جانے میں رخنہ پڑ رہا ہے۔

دلی، اترپردیش اور ہریانہ میں سڑک ٹریفک بہت ہی سست رفتار سے چل رہا تھا کیونکہ سڑک پر چلنے والے گھنے کہرے میں راستہ تلاش کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ گھنے کہرے کے سبب آج صبح سویرے دلی ہوائی اڈے پر پروازوں کے آنے جانے پر اثر پڑا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں دہلی انٹرنیشنل ایئرپورٹ لمیٹڈ نے مسافروں پر زور دیا ہے کہ وہ پروازوں کے بارے میں معلومات کے اَپڈیٹ کے لیے ایئر لائن سے رابطہ کریں۔

بھارتی ریلویز کے مطابق دلی آنے والی کم و بیش 49 ٹرینیں چار گھنٹے کی تاخیر سے چل رہی ہیں۔

محکمہ موسمیات IMD نے اگلے دو روز کے دوران شمال مغربی اور وسطی بھارت کے زیادہ تر حصوں میں گھنا کہرہ اور سخت سردی جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ اِس کے بعد اس میں کچھ بہتری آئے گی۔

پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلی اور اترپردیش کے کچھ حصوں میں دیر رات اور صبح سویرے کے وقت بہت گھنا کہرہ چھائے رہنے کا امکان ہے۔

IMD نے مغرب کی سمت سے ہونے والی موسم کی تبدیلی کے سبب اگلے دو روز کے دوران جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان اور مظفر آباد میں بھاری بارش اور برفباری کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ امکان ہے کہ ہماچل پردیش میں کل اور پیر کے روز شدید بارش ہوگی۔

پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور اتراکھنڈ میں کل گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش ہونے کا بھی امکان ہے۔x

Kashmir Cold

محکمہ موسمیات نے جموں وکشمیر میں شدید بارش اور کشمیر خطے کے مختلف علاقوں میں کل اور پیر کے روز برفباری

کے لیے یلو الرٹ جاری کیا ہے۔ وادی کشمیر اور اس سے متصل علاقے سخت سردی کی گرفت میں ہے۔ کئی مقامات پر درجہ حرات نقطہ انجماد سے نیچے درج کیا گیا ہے۔

دوسری جانب جموں خطے میں درجہ حرارت درمیانہ ہے۔ مغرب کی سمت سے ہونے والی موسم کی تبدیلی کے سبب پیر کے روز تک خطے کے متاثر رہنے کا امکان ہے، جس کے سبب جموں کے میدانی علاقوں میں ہلکی سے اوسط بارش ہوگی۔

ساتھ ہی کہرے کے سبب کم نظر آنے سے آج پروازوں میں بھی تاخیر ہوسکتی ہے۔ کل صبح گھنے کہرے اور بہت کم نظر آنے کی وجہ سے آنے اور جانے والی کُل 64 پروازوں میں تاخیر ہوئی۔

دوپہر اور شام تک ہی پروازوں کی آمدروفت بحال ہوئی۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Tariq Rathar

Delhi Grap 3

ہوا کے معیار کے بندوبست سے متعلق کمیشن نے قومی راجدھانی خطے میں رفتہ رفتہ اقدامات سے متعلق منصوبے GRAP 3 کو فوری طور پر لاگو کردیا ہے تاکہ ہوا کے معیار کو مزید خراب ہونے سے روکا جاسکے۔ خطے میں ہوا کا معیار بہت خراب کے زمرے میں آنے کے بعد یہ قدم اٹھایا گیا ہے۔

GRAP 3 کے تحت غیر ضروری تعمیراتی کاموں اور سڑک تعمیر سے متعلق کارروائیوں پر پابندی عائد رہے گی۔

دلی اور گروگرام، فریدآباد، غازی آباد اور گوتم بدھ نگر اضلاع میں BS-3 پیٹرول اور BS-4 والی فور وہیلرس ڈیزل گاڑیوں کے چلنے پر بھی پابندی عائد رہے گی۔x

Bihar Prakash Parv

سکھوں کے دسویں اور آخری گرو، گرو گووِند سنگھ کے تین سو اٹھّاون ویں یومِ پیدائش کی تین روزہ تقریبات پرکاش اُتسَو آج صبح بہار کے پٹنہ شہر میں، تخت شری ہری مندر صاحب میں شروع ہوئیں۔ یہ جگہ خالصہ پنت گرو گووِند سنگھ کے بانی کی جائے پیدائش ہے۔

یہ تقریبات آج صبح تخت شری ہری مندر صاحب سے ایک جلوس کی شکل میں شروع ہوئیں۔x

PM Ajmer Chaadar

اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو آج اجمیر شریف میں عظیم صوفی خواجہ معین الدین چشتی کے مزار پر وزیر اعظم نریندر مودی کی طرف سے پیش کی گئی چادر چڑھائیں گے۔ BJP اقلیتی مورچہ کے صدر جمال صدیقی بھی ان کے ہمراہ ہوں گے۔ خواجہ غریب نواز کا 813 واں عرس بدھ کے روز شروع ہوا ہے۔ اس موقع پر وزیر اعظم مودی نے جمعرات کے روز ایک مخملی چادر، وزیر موصوف کرن رجیجو کے سپرد کی تھی۔ چادر کے علاوہ جناب رجیجو درگاہ میں ایک ویب پورٹل اور ایپ کا بھی آغاز کریں گے، جن کے ذریعے عقیدت مندوں کو خواجہ غریب نواز کی زندگی اور تعلیمات کے بارے میں معلومات فراہم کی جائیں گی۔×

Hockey India League

ہاکی انڈیا لیگ میں، کل رات راوڑ کیلا میں ایک سنسنی خیز پنالٹی شوٹ آوٹ میں تمل ناڈو نے Vedanta Kalinga Lancers کو ہرایا۔ مقررہ وقت میں یہ میچ دو دو کی برابری پر ختم ہوا۔ اس کے بعد پنالٹی شوٹ آوٹ میں تمل ناڈو نے ویدانتا کو چھ پانچ سے شکست دے کر ایک اضافی پوائنٹ حاصل کیا ہے۔

آج شام چھ بجے Shrachi Rarh bengal ٹائیگرس کا مقابلہ دلی ایس پی Pipers سے جبکہ رات سوا آٹھ بجے حیدرآباد طوفانز کا مقابلہ ٹیم Gonasika سے ہوگا۔

Jitendra DSIR Foundation Day

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جیتندر سنگھ آج نئی دلّی میں، سائنسی اور صنعتی تحقیق کے محکمے DSIR کے، 40ویں یومِ تاسیس میں شرکت کریں گے۔ اِس تقریب میں، بھارتی حکومت کے پرنسپل سائنسی مشیر پروفیسر اَجے کمار سُود ، DSIR سکریٹری اور سائنسی اور صنعتی تحقیق کی کونسل CSIR کے ڈائریکٹر بھی شرکت کریں گے۔ CSIR اور لکھو ادیوگ بھارتی کے درمیان ٹیکنالوجی کی منتقلی، تقریب کی اہم خاصیت ہوگی۔

تقریب کا مقصد ایسے مختلف پروگراموں کے ذریعے صنعتی تحقیق اور اختراع کو آگے بڑھانے میں، محکمے کے رول کی اہمیت کو اُجاگر کرنا ہے، جن میں، اداروں میں تحقیق و ترقی کے مراکز، سائنسی اور صنعتی تحقیق کی تنظیموں اور سرکاری امداد والے اداروں کو تسلیم کیا جاتا ہے تاکہ تحقیق کے ایکو نظام کو مستحکم کیا جا سکے۔×

Karnataka Nadda

صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر جے پی نڈّا نے مطلع کیا ہے کہ جدید میڈیسن کے ساتھ آیوش نظام کو مربوط

کرنے کے لیے صحت کی دیکھ بھال سے متعلق شعبے میں ایک اہم پالیسی تبدیلی متعارف کی گئی ہے۔ وہ بینگلورو میں گل سوامی وویکانند یوگا Samsthana کی جانب سے فروغ دیے گئے ایڈوانسڈ اسٹڈیز کے اسکول کے نئے کیمپس کا افتتاح کرنے کے بعد اظہار خیال کر رہے تھے۔

انھوں نے اس بات کی طرف بھی اشارہ دیا کہ ملک میں 22 ایسے ایمس اسپتال ہیں جو آیوش بلاک سے منسلک ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ آیوش کی وزارت نے روایتی دواؤں کو فروغ دینے کے لے 103 ملکوں کے ساتھ تعاون قائم کیا ہے اور صحت کی عالمی تنظیم نے روایتی دواؤں میں مطالعے اور اختراع کو فروغ دینے کے لیے گجرات کے جام نگر میں ایک گلوبل ٹریڈیشنل میڈیکل سینٹر کا آغاز کیا ہے۔x

Mandaviya Gujrat

محنت اور روزگار کے مرکزی وزیر منسکھ منڈاویا نے ملک کے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ وہ ملک کی تعمیر میں ساجھے داری نبھائیں تاکہ ترقی یافتہ بھارت کے نظریے کو شرمندۂ تعبیر کیا جا سکے۔ وہ گجرات کے سورت میں ایک پروگرام سے خطاب کر رہے تھے۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: مجیب اختر

شکریہ - شبانہ

دلّی سے شائع ہونے والے آج کے زیادہ تر اخباروں نے وزیراعظم نریندر مودی کے ہاتھوں دلی میں کئی کروڑ روپے کے ترقیاتی پروجیکٹوں کے افتتاح سے متعلق خبر کو پہلی خبر کے طور پر شائع کیا ہے، جن میں نجف گڑھ میں ویرساورکر کالج، سورج مل وہار میں دلی یونیورسٹی کے مشرقی کیمس اور دوار میں مغربی کیمپس کے علاوہ کچھ دیگر پروجیکٹ شامل ہیں۔ وزیراعظم نے اس موقع پر غریبوں کو مکانات کی چابیاں بھی دیں۔

وزیراعظم نریندر مودی نے اجمیر شریف اور نظام الدین درگاہ کے لیے چادریں پیش کیں۔ اقلیتی امور کے وزیر کرن رجیجو نے حضرت نظام الدین اولیاء کے مزار پر حاضری دے کر یہ چادر چڑھائی۔ اس خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا اور ملاپ نے اجاگر کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب، ہندوستان ایکسپریس اور پرتاپ نے ایک اہم خبر پر توجہ مرکوز کی ہے جس کی سرخی ہے:

بھارت کا چین سے سخت احتجاج، خبروں کے مطابق چین نے لداخ کے علاقے میں دونئی کاؤنٹیاں بنانے اور دریائے برہمپتر پر ایک بڑا ڈیم تعمیر کرنے کا اعلان کیا ہے۔ بھارتی وزارت خارجہ نے اس پر سخت اعتراض کیا ہے۔

دلی سمیت شمال مغربی اور وسطی بھارت میں گھنا کہرا متعدد پروازیں اور ریل گاڑیاں متاثر۔ اس خبر کو آج کے بیشتر اخبارات نے شائع کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ تقریباً 14 ریاستیں شدید کہرے سے متاثر ہیں۔

سعودی عرب کے وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان نے شام کی نئ سیاسی انتظامیہ کے سرکردہ رہنماؤں سے ملاقات کی اور شام کی سلامتی، استحکام اور علاقائی سلیمت کو یقینی بنانے پر تبادلہ خیال کیا۔ اس خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا نے عالمی خبروں کے صفحے پر خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج نئ دلّی میں 'گرامین بھارت مہوتسوٗ کا افتتاح کریں گے۔ اِس 6 روزہ مہوتسو میں دیہی بھارت کے کاروباری جذبے اور ثقافتی وراثت کا جشن منایا جائے گا۔

2- مرکز نے، ڈیجیٹل ذاتی اعداد و شمار کے تحفظ سے متعلق اصولوں کا مسودہ جاری کیا ہے، جس میں تجویز رکھی گئی ہے کہ بچے، اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کھولنے کے لیے والدین کی رضامندی حاصل کریں۔

3- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے بھارت کی 'پڑوس مقدم' پالیسی کے تحت، مالدیپ کو اُس کی مدد جاری رکھنے کا یقین دلایا ہے۔

4- بھارت اور ایران نے چاہ بہار بندرگاہ اور تجارتی رشتوں سمیت باہمی تعلقات کا جائزہ لیا۔

5- شمالی بھارت کے مختلف علاقوں میں گھنا کہرا چھایا ہوا ہے، جس کی وجہ سے ریل خدمات اور پروازیں متاثر ہوئی ہیں۔

6- اور ہاکی انڈیا لیگ میں، راوڑ کیلا میں تمل ناڈو ڈریگنز نے ویدانت کلِنگا Lancers کو، پینلٹی شُوٹ آؤٹ میں ہرایا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---